سوال

(183) سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز ہو جاتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سورۃ الفاتحہ نماز کے ارکان میں سے ایک اہم ترین رکن ہے اور اس کے بغیر نماز نہیں ہوتی ہے۔

سیدنا عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا :

لَاصَلَاةَ لِمَن لَم يَقرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ (بخاری :7174)

اس شخص کی کوئی نماز نہیں ہے جس نے اس میں فاتحۃ الکتاب نہیں پڑھی۔

دوسری جگہ فرمایا :

لَاتُجزِئُ صَلَاةٌ لَايَقرَأُ الرَّجُلُ فِيهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

(ارواء الغلیل جلد 2 ص 10)

"وہ نماز درست نہیں ہوتی جس میں آدمی فاتحۃ الکتاب نہ پڑھے"

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے فرمایا :

مَن صَلَّى صَلَاةً لَم يَقرَأْ فِيهَا بِأُمِّ القُرآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ ثَلَاثًا غَيرُ تَمَامٍ

(صحیح مسلم کتاب الصلاۃ باب وجوب القراءۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ)

"جس نے اُم القرآن (یعنی سورۃ الفاتحہ) پڑھے بغیر نماز ادا کی تو وہ (نماز) ناقص ہے، ناقص ہے، ناقص ہے، نامکمل ہے"

اس حدیث میں سورۃ فاتحہ کے بغیر پڑھی جانے والی نماز کو "خداج" کہا گیا ہے جس کا مطلب ناقص اور خراب ہے۔ یہ لفظ اونٹنی کے اس بچے کے لیے مستعمل ہے جو قبل از وقت ناتمام اور خراب حالت میں پیدا ہو جائے۔ ائمہ اربعہ میں سے امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کا موقف بھی سورۃ فاتحہ پڑھنے کی فرضیت کا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی